## نارتھ کراچی میں جھونپڑیوں میں آتشزدگی کا واقعہ ایک بڑا سانحہ ہے۔الطاف حسین

## آتشزدگی میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار

## سانحہ کے متاثرین کی ہرممکن مدد کی جائے،ایم کیوایم کے ذمہ داران اورحق پرست نمائندوں کوالطاف حسین کی ہدایت

لندن۔۔۔8 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نارتھ کراچی میں جھونپڑیوں میں آتشزدگی کے سانحہ میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ واقعہ ایک بڑا سانحہ ہے جس میں کئی بچوں اور خواتین سمیت متعدد افراد جاں بحق ہو گئے جس پر جتنا بھی افسوس کیا جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس سانحہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں جگہ دے اوران کے لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔انہوں نے حادثے کے زخمیوں سے بھی دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے ایم کیوایم کے ذمہ داران اورحق پرست نمائندوں سے کہا کہ اس سانحہ کے متاثرین کی ہرممکن مدد کی جائے۔انہوں نے حکومت سے بھی مطالبہ کیا کہ سانحہ کے متاثرین کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی اس سانحہ پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے اوراس سانحہ میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

## ایم کیوایم کے ارکان اسمبلی معین خان،عبدالوسیم،خواجہ اظہارالحسن،صوبائی وزیرصنعت رؤف صدیقی،ٹاؤن ناظم اخترحسین،نائب ناظم ذوالفقار، لیاقت آباد کے ٹاؤن ناظم اسامہ قادری،نیوکراچی کےحق پرست ناظمین،ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان موقع پر پہنچ گئے، علاقے کے لوگوں کے ساتھ ملکرامدادی کارروائیوں میں حصہ لیا

کراچی۔۔۔8جنوری2008ء۔۔۔نارتھ کراچی کے علاقے بلال کالونی میں جھونپڑیوں میں آتشزدگی کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کے ارکان اسمبلی معین خان،عبدالوسیم،خواجہ اظہارالحسن،صوبائی وزیرصنعت رؤف صدیقی،نیوکراچی کے حق پرست ٹاؤن ناظم اخترحسین،نائب ناظم ذوالفقار،لیاقت آباد کے ٹاؤن ناظم اسامہ قادری،نیوکراچی کے حق پرست یوسی ناظمین،نائب ناظمین،ایم کیوایم نارتھ کراچی کے سیکٹرکمیٹی کے ارکان،یونٹ انچارجز اورایم کیوایم کے کارکنان موقع پر پہنچ گئے جنہوں نے علاقے کے لوگوں کے ساتھ ملکرامدادی کارروائیوں میں حصہ لیا۔ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے آتشزدگی سے متاثرہ جھونپڑیوں سے خواتین اوربچوں سمیت کئی افراد کوبحفاظت نکالا اور عارضی پناہ کیلئے انہیں ایم کیوایم کے علاقائی یونٹ آفس میں منتقل کیا۔اسکے علاوہ آتشزدگی سے جھلسنے والوں کوخدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسوں کے ذریعے عباسی شہید اسپتال پہنچایا۔ایم کیوایم کے صوبائی وزراء رؤف صدیقی،ڈاکٹرصغیراحمد،لیاقت آباد کے ٹاؤن ناظم اسامہ قادری اوردیگر ذمہ داران نے عباسی شہید اسپتال پہنچ کرجھلس جانے والوں کی عیادت کی۔

## کراچی اورحیدرآباد سمیت ملک بھرمیں متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے یوم عاشور پراستقبالیہ کیمپس لگائے گئے

## جلوس اوراستقبالیہ کیمپس پررابطہ کمیٹی،وزراء،سینیٹرز،اراکین اسمبلی،مشیران،ناظمین اوردیگرذمہ داران کی شرکت

## کے کے ایف اورمیڈیکل ایڈ کےطبّی امدادی کیمپس پر ہزاروں عزاداران کوطبّی سہولیات فراہم کی گئیں

کراچی۔۔۔8جنوری2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے تحت کراچی،حیدرآباد اورسندھ کے دیگرشہروں سمیت پنجاب،سرحد،بلوچستان اورآزادکشمیرمیں متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے محرم الحرام کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی،مذہبی رواداری اورامن وامان کے قیام کیلئے یوم عاشور کے موقع پر نکلنے والے مرکزی ماتمی جلوسوں کی گزرگاہوں پرطبی امدادی اوراستقبالیہ کیمپس لگائے گئے۔ایم اے جناح روڈ کراچی سے نکلنے والے مرکزی جلوسوں میں رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب،صوبائی وزراء ڈاکٹرصغیر،عبدالحسیب اوررضا ہارون کے علاوہ حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اورٹاؤن ویوسی ناظمین نے بھی شرکت کی۔خدمت خلق فاؤنڈیشن اورایم کیوایم کی میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے عزازداران حسینؑ کوطبّی سہولیات کی فراہمی کیلئے ماتمی جلوسوں کی گزرگاہوں پرطبّی امدادی کیمپس لگائے گئے جہاں سینکڑوں عزازداران کوطبّی سہولیات فراہم کی گئی۔استقبالیہ کیمپس پرمتحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان،حق پرست وزراء،اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،حق پرست ٹاؤن ناظمین،یوسی ناظمین اورامن کمیٹیوں کے ارکان نے ماتمی جلوسوں کے شرکاء پرگل پاشی کی اوران میں شربت تقسیم کیا۔ایم کیوایم کی امن کمیٹیوں کے اراکین نے یوم عاشور کے موقع پرنشترپارک سے برآمد ہونیوالے مرکزی ماتمی جلوس میں

شرکت کی اوراختتام تک جلوس کے ساتھ رہے۔یوم عاشور کے مرکزی جلوس کی گزرگاہوں پرایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے طبی کیمپس لگائے گئے تھے جہاں زخمی عزادارانِ حسینؑ کوطبی امدادفراہم کی گئی اوربعض شدیدزخمی عزاداران حسین کوخدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس کے ذریعے قریبی اسپتال منتقل کیا گیا۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر نصرت ، نیک محمد، حق پرست سینیٹرز بابرغوری ،سیدطاہرمشہدی ،صوبائی وزراءعبدالحسیب ،عسکری تقوی ،سرداراحمد،رضاہارون ،حق پرست اراکین قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین ،وسیم اختر ،خواجہ سہیل ،فرحت خان ،عبدالوسیم ،ارکان سندھ اسمبلی انورعالم ،اسٹیفن آصف نے کراچی کے علاقے نمائش چورنگی پرلگائے گئے ایم کیوایم کے استقبالیہ کیمپ سے جلوس کے شرکاء کا استقبال کیا جبکہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب ،صوبائی وزراءرضاہارون ،خالدعمر،خالد بن ولایت ،ارکان قومی اسمبلی ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ ،ندیم احسان ،عبدالرشیدگوڈیل ،صوبائی وزیرڈاکٹرصغیر،ارکان سندھ اسمبلی مقیم عالم ،محمدطاہر،معین خان اوراقلیتی رکن قومی اسمبلی منوہرلعل نے ایم اے جناح روڈ پرلگائے گئے ایم کیوایم کے استقبالیہ کیمپ سے جلوس کے شرکاء کا استقبال کیااوران پرگل پاشی کی ۔اس موقع پررابطہ کمیٹی کے اراکین ،حق پرست وزراءاوراراکین اسمبلیوں نے جلوس کی گزرگاہوں پرایم کیوایم کی جانب سے لگائی گئیں شربت اور پانی کی سبیلوں کا دورہ کیااورعزادارانِ حسینؑ میں شربت اورلنگرتقسیم کیا۔دریں اثناءفرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ،حق پرست وزراءاوراراکین اسمبلی نے علمائے کرام اورشیعہ انجمنوں کے عہدیداران سے ملاقاتیں کیں اورانہیں محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے قیام کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے کئے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔اس موقع پرعلمائے کرام اورشیعہ انجمنوں کے عہدیداران نے ایم کیوایم کی کاوشوں کوسراہااورسٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت کی جانب سے محرم الحرام کے دوران کئے گئے خصوصی اقدامات کا خیرمقدم کیا۔اس موقع پرحق پرست ٹاؤن ناظمین جاویداحمد،محمددلاور،ایم کیوایم کی علماءکمیٹی کے اراکین مولاناشاہ فیروزالدین رحمانی ، ناصریامین اورایم کیوایم ایلڈرزونگ ، برنس روڈسیکٹرکمیٹی ، رنچھوڑلائن سیکٹرکمیٹی ، لائنز ایریاسیکٹرکمیٹی ، کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین ، لیبرڈویژن کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔گزشتہ روزمحرام الحرام کی شب اور10 محرم الحرام یوم عاشورکوکراچی کے مختلف علاقوں کی امام بارگاہوں سے چھوٹے بڑے ماتمی جلوس برآمدہوئے جس میں ہزاروں عزاداران نے شرکت کی جبکہ علم ، ذوالجناح اورتعزیئے کے جلوس بھی نکلے گئے۔فیڈرل بی ایریاسے نکلنے والے مرکزی جلوس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شکیل عمر، ایلڈرزونگ کے ارکان اورایم کیوایم فیڈرل بی ایریاسیکٹرکمیٹی کے ارکان نے شرکت کی ۔جبکہ لانڈھی بابرمارکیٹ سے برآمدہونیوالاجلوس بابرمارکیٹ اورلانڈھی نمبرساڑھے تین سے نکلنے والے ماتمی جلوسوں میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی آصف حسنین ، خالدافتخار، لانڈھی ٹاؤن کےحق پرست ٹاؤن ناظم ڈاکٹرارشاد، ایم کیوایم ایلڈرزونگ اورلانڈھی سیکٹرکمیٹی کے ارکان نے شرکت کی ۔اسی طرح کورنگی نمبر1 سے برآمدہونیوالاجلوس کورنگی نمبرساڑھے پانچ پراختتام پذیرہواجلوس میں ایم کیوایم کی جانب سےحق پرست صوبائی وزیرخالدعمر، اراکین اسمبلی ڈاکٹرایوب شیخ ، عامرمعین پیرزادہ ، کورنگی ٹاؤن کےحق پرست ٹاؤن ناظم عارف خان ایڈووکیٹ ، ایلڈرزونگ اورکورنگی سیکٹرکمیٹی کے ارکان نے شرکت کی ۔حق پرست اراکین اسمبلی ساجداحمد، وسیم احمدملیرٹاؤن کےحق پرست ٹاؤن ناظم شرافت نے ملیر سعودآبادکی دربارحسینی امام بارگاہ سے برآمدہونیوالے ماتمی جلوس میں شرکت کی اوراختتام تک جلوس کے ساتھ رہے۔ماتمی جلوس ملیرکے مختلف علاقوں سے ہوتا ہوادربارحسینی امام پراختتام پذیرہوا۔اسی طرح شاہ فیصل کالونی سے برآمدہوانے والے جلوس میں حق پرست اراکین اقبال محمدعلی ، ڈاکٹرنشاط ، ندیم مقبول ، ٹاؤن ناظم نے شرکت کی ۔جبکہ کے ڈی اے اسکیم 33 رضویہ سوسائٹی سے برآمدہونیوالے ماتمی جلوس میں حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین نے شرکت کی ۔پیرالٰہی بخش کالونی کی مرکزی امام بارگاہ شاہ نجف اور سوسائٹی دھوراجی چورنگی سے برآمدہونیوالے جلوسوں میں حق پرست نمائندگان رشیدگوڈیل اورسرداراحمد نے شرکت کی ۔اسی طرح محمودآباد ، رنچھوڑلائن ،لیاری ، پاک کالونی ، بلدیہ ٹاؤن ، قصبہ علیگڑھ ، اورنگی ٹاؤن ، سرجانی ٹاؤن ، نیوکراچی نارتھ کراچی ، نارتھ ناظم آباد ، ناظم آبادگلبہارلیاقت آباد اور فیڈرل بی ایریا کی امام بارگاہوں سے برآمدہونیوالے جلوسوں میں حق پرست صوبائی وزراءمحمدرضاہارون ، ڈاکٹرمحمدعلی شاہ ، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی فرحت اللہ خان ، امام الدین شہزاد ، طاہرقریشی ، منظرامام ، مظاہرامیر ، عبدالحق اوراخترحسین سمیت دیگرذمہ داران نے شرکت کی ۔اس موقع پرایم کیوایم کے سیکٹرزاورعلاقائی یونٹوں کی جانب سے مختلف مقامات پراستقبالیہ کیمپ اوردودھ کے شربت اورپانی کی سبیلیں بھی لگائی گئی تھیں جبکہ بعض مقامات پرخدمت خلق فاؤنڈیشن اورمیڈیکل ایڈکمیٹی کی جانب سے طبّی امدادی کیمپس بھی قائم کیے گئے تھے جہاں سینکڑوں عزاداران کوطبّی سہولیات کے ساتھ ادویات بھی فراہم کی گئی اوربعض زخمیوں کوخدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینسوں کے ذریعہ قریبی اسپتال بھی پہنچایا گیا۔

## یوم عاشور کے مرکزی جلوس کے تین مقامات پر ایم کیوایم کے طبی واستقبالیہ کیمپ جلوس کے شرکاء کی توجہ کا مرکز بنے رہے

کراچی ۔۔۔8،جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے تحت کراچی کے ایم اے جناح روڈ کے تین مقامات نشتر پارک ، دلپسند سوئیٹس اور اللہ والا مارکیٹ پر لگائے گئے بڑے بڑے استقبالیہ اور طبی امدادی کیمپ یوم عاشورہ کے سلسلے میں نکالے گئے جلوس کے شرکاء کی توجہ کا مرکز بنے رہے اور عزاداران کی بہت بڑی تعداد نے ان کیمپوں سے استفادہ کیا۔جبکہ ان کیمپوں پر موجود ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ،حق پرست وزراء اور دیگر ذمہ داران نے عزاداران حسینؑ کا استقبال کیا،انہیں شربت پیش کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کے طبی امدادی کیمپوں پر ایم کیوایم کی میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان نے زخمی عزاداران حسینؑ کو فوری طبی امداد فراہم کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب ،ڈاکٹر نصرت ، نیک محمد ،صوبائی وزراء،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے ایم کیوایم کے استقبالیہ اور طبی امدادی کیمپوں کے دورے کر کے عزادارن حسینؑ کی سہولیات کیلئے کئے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا اور عزاداران حسین میں شیر مال اور دیگر لنگر تقسیم کیا گیا۔

☆☆☆☆☆